

شِموٗل بوق

بروشسکی زبان کے قواعد اور تلفظ پر پہلی جامع کتاب

ڈاکٹر علامہ نصیر الدین نصیرؔ ہونزائی

شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی

بسم الله الرحمن الرحيم

شمواَل بوق

بروشسکی زبان کے قواعد اور تلفظ پر پہلی جامع کتاب

ڈاکٹر علامہ نصیر الدّین نصیر ہونزائی
(ستارۂ امتیاز)

اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی، کراچی
بہ اشتراک
شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

Shimol Boq

A Grammar and Pronunciation book of Burushaski language.

by: Dr. Nasir al-Din Nasir Hunzai

ISBN: 969-404-59-0

Bureau of Composition, Compilation and Translation

University of Karachi.

©B.C.C. & T. 2003. All rights reserved.

کتاب: شمول بوق

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر علامہ نصیر الدین نصیرؔ ہونزائی

قیمت: ۱۲۰ (ایک سو بیس) روپے

اشاعتِ اوّل: ۲۰۰۳ء

تعداد: ۱۰۰۰

ادارت: ایس ایم شاہین، روحی امین الدین، جاوید اقبال، فدائے مک، یاسمین فدا، عظیم لاکھانی

حروف کار: یاسمین فدا

ترتیب و تزئین: ایس ایم شاہین، روحی امین الدین، فدائے مک

سرورق: محمد سلیم

مطبع: مطبع جامعہ کراچی Karachi University Press.

تقسیم کار: اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی، کراچی؛ انٹرنیشنل بک ہاؤس، گلگت

عالمی سلسلہ شمارِ کتب: ۹۶۹-۴۰۴-۵۹-۰

بروشسکی زبان کے پیچیدہ صوتی نظام کے باعث اس کتاب کے اصل متن میں خطِ نستعلیق کے بجائے خطِ نسخ کو اختیار کیا گیا ہے


شتمول بوق
ڈاکٹر علامہ نصیر الدین نصیر ہونزائی

شِمؤال بوق

یہ کتاب

اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی کے اشتراک سے

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ کے زیرِ اہتمام

مطبع جامعہ کراچی (کراچی یونیورسٹی پریس) میں

طبع ہوئی

۲۰۰۳ء

ISW LS Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

فہرستِ موضوعات

مناجات بدرگاہِ قاضیُ الحاجات

حرفِ آغاز — پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی

معروضات — ڈاکٹر معین الدین عقیل

بُروشسکی: تاریخ اور تحقیق کی میزان میں — سید خالد، عمیر حمید ہاشمی

بُروشسکی زبان کے بارے میں — شہناز سلیم ہونزائی

اکادمی تحقیقاتِ بُروشسکی — اکادمی

اِظہارِ تشَکر — اکادمی

دیباچہ شِمؤ ل بوق — علامہ نصیر الدین نصیر ہونزائی

ھُونزا

رومَن کرے اُردو بُروشسکی حَریُڈ — ۱

اُردو بُروشسکی حروف اور امثال — ۲

اُردو سے زائد آوازوں کو ظاہر کرنے والے بُروشسکی حُروف — ۶

جدید حرفوں کی صوتی مثالیں — ۷

دو(۲) اور تین(۳) کی علامتیں — ۹

مَپیر جَٹُس کرے مؤمِشو — ۱۲

بَغرک بَجَٹرے مِنس — ۱۳

اُیم بائس — ۱۴

بُروشسکی الفاظ اور اردو ترجمہ — ۱۶

ISW LS Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

قدیم علاقائی طریقِ علاج	۱۷
شاپِچِڭ	۱۹
سَه اسقُر= سورج مُکھی =	
گُلِ آفتاب پرست =	۲۲
فارسی دُم مِشاسکِیَر دِیم بَرِڭ	۲۳
قدیم الفاظ	۲۷
ذُو معنی الفاظ	۳۳
لفظ = آواز= لفظ = آواز	۴۰
امر دُم مصدر	۴۲
امر، مصدر، اسمِ مفعول	۴۴
مَنرٔے (امر)، مَناس (مصدر)	۴۸
سُوَس (مصدر) سُؤ (امر)	۴۹
مصدَرِڭ	۵۰
مصدر کرٔے حاصلِ مصدر	۵۱
ضَمیرِ مُتّصِل کے بغیر اسم	۵۵
ضَمائرِ متّصِل سے آزاد اسماء	۵۶
درج ذیل اسماء میں ضمیرِ متّصِل لگانے کی مشق کرو	۵۸
اسمِ مُکَبَّر، اسمِ مُصَغَّر	۶۰
بیٔ کرٔے بِله هَرَڭ لؤ فَرق	۶۴
مادّہ اور الفاظ	۶۶
بُروشسکی قواعد	۶۸

ISW LS
Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science
Knowledge for a united humanity

الفاظ کا ارتقاء	۶۹
سابقہ کی مثال	۷۱
"کُم" کا لاحقہ	۷۳
لاحقہ "چی"	۷۵
لاحقہ "کی"	۷۶
ایسے الفاظ کی ایک فہرست جن کا آخری حرف "څ" ھے	۷۷
لفظ کا آخری حرف "پ"	۷۹
بُروشسکی نام	۸۱
چند قدیم نام	۸۲
چند بُروشسکی الفاظ	۸۳
واحد = ترجمہ ، جمع = ترجمہ	۸۵
بُروشسکی = اُردو	۸۷
بُروشسکی جاندارِ شوۓ اُویکِچِکْ دا اُچَھرِکْ	۸۸
اعراب کے ساتھ بُروشسکی الفاظ	۹۰
تجربۂ اعراب	۹۴
اصل لفظ	۹۴
علاقے کے مشہور مقامات	۹۹
چند ضروری الفاظ	۱۰۰
ایک عمومی فہرست	۱۰۲
حِکایۃ صَوت	۱۰۴
مختلف الفاظ و کلمات	۱۰۵

ISW LS Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

تکرار اور مُخفّف	۱۰۷
گِرَنزِے اُصول	۱۰۸
بَلسِے اُصول	۱۰۹
اُصولِ غَسَنک	۱۱۱
اُصولِ شَرماً	۱۱۲
اُصولِ گِشَسکُوین	۱۱۳
اسمِ فاعل، کُوین = علامتِ فاعل	۱۱۵
حرفِ نفی	۱۱۷
حرفِ نفی کی مثالیں	۱۱۹
تبعیض	۱۲۱
قاعدۂ تقلیل	۱۲۲
دَرَجاتِ تقلیل	۱۲۳
حرفِ نِدا	۱۲۴
مترادف الفاظ	۱۲۵
تشبیہات	۱۲۷
امر، نہی، (واحد)	۱۳۰
جوڑے یا اضداد	۱۳۴
چند کلمات	۱۳۴
محاورات	۱۳۶
چند بُروشسکی محاورے	۱۴۲
لفظ = آواز= معنی اور مثال	۱۴۶

مختلف الفاظِ ضروری ۱۴۸
پہلا لفظ = دوسرا لفظ ۱۵۰
ھُنئِ سامان ۱۵۲
ٹیرُم اَدَپئِ لِسٹ ۱۵۳
گپ کئِ بَٹئِ سامان ۱۵۶
دَیوئِ قِسمِکٹ ۱۵۷
فَلوٗ تول ایَتَس ۱۵۸
ایسی چیزوں کی فہرست جو خود علاقے میں موجود
نھیں مگر ان کے اسماء زبان میں شامل ھیں ۱۶۰
درجِ ذیل مثالوں کو مکمل کرو ۱۶۲
چند بُروشسکی سوالات ۱۶۴
تَھموٗ اِصطلاحاتِکٹ ۱۶۶
تاریخی مقامات کے بارے میں سوالات ۱۶۷

ISW LS
Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science
Knowledge for a united humanity

مُناجات بدر گاہِ قاضِیُ الحاجات

پـاک دَمان!   بُٹ سُجو بیحد سُمُولو پرورد گار!   رَحمتِکْ کرے برکتکڑے بُٹ ڈم کرے بُٹ تَسَا پادشاہ!   اَیَش کرے بِردی دیسمن دیستِہُم دَمان! اُنرے مھـربانی مِکْ کرے اِحسانِکْ اِغنَسـر مـی بـه چـاران بِلَه۔   تھانُم دَمان! اُن بُٹ بخشونـوبا،   اُن اَرحَمُ الرّحِمین با،   اُنرے رَحمترے سَـمندرُلو کائنات اُیـون غرق بِله،   وَا کُلُ غَیبرے اَتُـوغَنشو خزانه مُڈه مالیک!   اُنرے رَحمترے هَرلترے هَـن قطران مِیَٹر دِیارڈِ کرے میرے التوجھانِکْ لو سِقم مِمایَن،   می روح کرے عقل گویمو قدرت ڈم دیسمَن یُوشَیس دَمان!   اُن میرے غریپشوَ ر رَحم نـه مِریکْ ڈه دُون!   فَـت اَمـے،   قـدرت کـه حـکمته شَتِلو دَمان!   می چَھنُم میسُ لو گوئموٗ شُل کرے عِشقے اَسقُرِکْ الورکـی تـاکه می میسُ لو همیش اُنرے سُجو کُم یاده بِھشتن میر اَبات میئمی۔   می حاجتِکْ دِمیڈنَس دَمَن اُن بـا له پروردگار!   یاخداوندا!   حقیقی مناجاترے گنرے توفیق کرے همّت مِچھی!

اُنرے کَلَـه بُـٹ سُـجُو کُمُ حُضورُلو میرے کُھورے اُنرے نـاچار ڈونوکوٗ حِق ایچُمرے هیر چَبان،   عِزّت کرے بزرگیه تھانُم دَمان!   می میسه حالت اُنر سَر کرے بله،   می بُیَت کرے عُذر قبول اے۔   آمین یَارَبَّ العَالَمین!

نصیرالدّین نصیرؔ (حُبِّ علی) ھونزائی (ایس۔آئی)

کراچی، پیر، ۲۰، جنوری ۲۰۰۳ء

ISW LS Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

This page intentionally left blank

ISW LS
Institute for
Spiritual Wisdom
and
Luminous Science
Knowledge for a united humanity

حرفِ آغاز

ڈاکٹر ظفر سعید سیفی
شیخ الجامعہ، جامعہ کراچی

''شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ'' جامعہ کراچی کا ایک ممتاز ترین اور نہایت قابلِ قدر ادارہ ہے۔ گزشتہ ایک برس سے اس شعبے کی کارکردگی میں حیران کن حد تک اضافہ ہوا ہے۔ کسی دور میں یہ شعبہ جامعہ کراچی کی شناخت تھا اور اس شعبے کی علمی قد آوری کے باعث جامعہ کراچی نے اردو کو ذریعۂ تدریس کے طور پر اختیار کیا تھا۔ مگر ۱۹۷۶ء کے بعد اس کی علمی و تحقیقی سرگرمیاں ماند پڑتی چلی گئیں۔ شیخ الجامعہ کا منصب سنبھالنے کے بعد میں نے اپنی اولین ترجیحات میں اس شعبے کی تنظیمِ نو پر توجہ دی اور شعبہ کی قیادت میں بنیادی نوعیت کی تبدیلیاں کیں اور شعبہ کی علمی اور تحقیقی حیثیت کے پیشِ نظر نہایت اعلیٰ علمی، تحقیقی ذوق اور انتظامی صلاحیتیں رکھنے والے رفقاء کار کو شعبہ میں تعینات کیا گیا۔ اس تبدیلی کے بعد شعبے کی کارکردگی غیر معمولی حد تک بڑھ گئی، اس کا خسارہ ختم ہوگیا اور شعبے کے زیرِ اہتمام عمدہ کتابیں شائع ہونے لگیں۔ علامہ اقبال کی ''اسرارِ خودی'' مرتبہ ڈاکٹر اختر سعید درانی اور عبید الرحمٰن ایڈوکیٹ کی خود نوشت سوانح صرف دو دن میں شائع کر کے شعبے نے بے مثال کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ۱۷ سال کے تعطل کے بعد شعبہ کا تحقیقی رسالہ ''جریدہ'' باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔

یہ سال اقبالیات کے سال کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر شعبہ کی جانب سے انگریزی میں ایک اہم کتاب شائع کی جا رہی ہے پھر یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ جامعہ کراچی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ طیلسان (گریجویشن) کی سطح پر طالب علموں کے لیے اردو لازمی کی نصابی کتابیں شائع کر دی گئی ہیں۔ نجی شعبے میں کام کرنے والی بعض جامعات نے ان نصابی کتابوں کو اپنے یہاں بطور لازمی نصاب

رائج کرنے میں دل چسپی کا اظہار کیا ہے۔ یہ جامعہ کراچی کے لیے قابل اطمینان امر ہے کہ ملک بھر کی جامعات اور مقتدرہ قومی زبان نے ان کتب کے معیار اور وقار پر اپنی پسندیدگی ظاہر کی ہے۔

''بروشسکی'' زبان پر شعبہ کی جانب سے جریدہ کے خصوصی شمارے کی اشاعت اور اس کے ساتھ ساتھ زیرِ نظر کتاب کی اشاعت بھی ایک اہم عملی پیش رفت ہے۔ بروشسکی ہمارے ملک کی خوبصورت وادی ''ہنزہ'' کی زبان ہے، مگر کتنے افسوس کی بات ہے کہ اس زبان پر جرمنی، ہنگری، جاپان اور کینیڈا میں تو تحقیق ہو رہی ہے لیکن یہاں اس زبان سے کوئی عام واقفیت بھی نہیں!

مجھے یقین ہے کہ اس مثال کو پیش نظر رکھتے ہوئے پاکستان کی تمام اہم علاقائی زبانوں کے سلسلے میں تحقیقی پیش رفت کی جائے گی اور ہمارے گرد و نواح میں موجود خزانوں کو قرطاس پر محفوظ کرنے کا اہتمام ہوگا۔ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ اور جامعہ کراچی ملک بھر کے ایسے محققین اور مصنفین کے اہم علمی تحقیقی منصوبوں کی اشاعت میں بھرپور تعاون کرے گی۔

شعبہ کے ناظم ڈاکٹر معین الدین عقیل صاحب، نائب ناظم سید خالد صاحب اور مددگار مدیر عمیر ہاشمی صاحب اس کتاب کی اشاعت پر خصوصی مبارک باد کے مستحق ہیں۔ بروشسکی زبان پر ان حضرات کی جانب سے لکھے گئے مضامین بھی اعلیٰ تحقیق کے شہ پارے ہیں۔ ان تحقیقی مضامین کے باعث بروشسکی اور دیگر زبانوں کے تقابلی مطالعات کا شوق پروان چڑھے گا اور لسانیات کے میدان میں مزید پیش رفت ہوگی۔

جامعہ کراچی اس کتاب کی اشاعت کے سلسلے میں اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی کی شکر گزار ہے۔

ISW LS
Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science
Knowledge for a united humanity

معروضات

ڈاکٹر معین الدین عقیل

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، ناظم

پاکستان اپنے جغرافیائی خصائص اور ثقافتی تنوع کے اعتبار سے ایک بہت دل چسپ اور پرکشش سرزمین ہے ـــــــــــ جہاں اس کا محلِ وقوع اسے صرف اس خطے ہی کا نہیں ـــــــــ برِّعظیم کا ایک نہایت اہم ملک ثابت کرتا ہے، وہیں اس کے مختلف علاقوں اور صوبوں میں موجزن اس کی ثقافتی رنگا رنگی اسے نہایت جاذبِ توجہ اور خوش کن بنا دیتی ہے۔ ثقافتوں سے قطعِ نظر، اس کی زبانوں کا بھی یہی معاملہ ہے۔ ماہرینِ لسانیات زبانوں کی نوعیت کا مطالعہ کرتے ہوئے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ زبان ہر بیس میل کے بعد تبدیل ہو جاتی ہے ـــــــــــ یا اپنی بدلی ہوئی شکل میں ملتی ہے۔ پاکستان اس لحاظ سے بھی ایک نہایت باثروت ملک ہے کہ جہاں چھوٹی بڑی زبانوں اور بولیوں کو اگر شمار کیا جائے تو دو ہندسی عدد شاید ان کی تعداد کو نہ سما سکے۔

مذکورہ لسانی اصول کے تحت پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں ایک بہترین لسانی رنگارنگی اور زبانوں کی ایک بے حد متنوع دنیا آباد نظر آتی ہے۔ ان میں ترقی یافتہ زبانیں بھی ہیں، جو چاہے رسم الخط نہ رکھتی ہوں لیکن لکھی بھی جاتی ہیں اور جن کا ادب بھی موجود ہے ـــــــــــ اور ان میں وہ زبانیں اور بولیاں بھی متحرک و زندہ نظر آتی ہیں ـــــــــــ جو نہ لکھی جاتی ہیں اور نہ جن کا ادب موجود ہے۔ اس علاقے کی ایسی ہی زبانوں میں بروشسکی بھی ہے۔

لسانیات اور بروشسکی کے ماہرین کے لیے اس کی اصل بنیاد اور اس کی لسانی خصوصیات کا مطالعہ بڑا دل چسپ اور ساتھ ہی کٹھن رہا ہے۔ برِّعظیم کی زبانوں کے مبسوط جائزے میں گریرسن نے جو کچھ اپنی

ابتدائی رائے دی تھی ـــــــ اس پر بہت زیادہ نئی معلومات تا حال اس کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ کرنے والوں کو نہ مل سکیں ـــــــ لیکن حالیہ چند دہائیوں میں یہ زبان ماہرین لسانیات کو دعوتِ مطالعہ ضرور دیتی رہی ہے۔ اس نوع کے مطالعہ کا ایک مختصر تذکرہ آپ کو اگلے صفحات میں ملے گا، لیکن دراصل اس زبان کے تحقیقی اور سائنٹیفک اصولوں کے مطالعہ کی تاریخ میں Lorimar کی کوششوں کو اولین سنگِ میل سمجھنا چاہیے جن کے بارے میں George Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں اپنی روداد Report on a Linguistic Mission of North West India) (مطبوعہ اوسلو ۱۹۳۲ء) میں یہ اطلاع دی تھی کہ لوری مر نے بروشسکی کے مطالعے میں خاصی پیش رفت کی ہے۔ مگر اس زبان کی اصل و بنیاد کا مطالعہ بے حد مشکل ثابت ہوا ہے۔ خود جارج نے اس کی صوتیات کا مطالعہ اس کی پڑوسی ہند ایرانی زبانوں سے تقابل کے ساتھ کیا۔ واقعہ یہ ہے کہ Hermann Berger نے اپنے مطالعات کے ذیل میں، جو اس نے ہائیڈل برگ کے ''ادارہ مطالعاتِ شرقیہ'' میں انجام دیے، بروشسکی سے ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۱ء کے عرصے میں دو کہانیوں کے ترجموں نے انقلابی نتائج کی جانب ماہرین کی پیش قدمی کو آسان بنا دیا۔ اب وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہ زبان اس علاقے میں اپنی پڑوسی زبانوں میں سب سے مختلف زبان ہے اور اس کی مماثلت کسی اور زبان میں نظر نہیں آتی۔ یہاں تک کہ تبتی زبانوں میں، بلکہ نہایت قریبی زبان بلتی سے بھی کوئی مماثلت نہیں رکھتی۔ محض ایک ہلکی سی مماثلت قفقازی Caucasian زبانوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔ اسی فاضل مترجم اور ماہرِ لسانیات برگر نے بالآخر اپنے مطالعات کی بنیاد پر ۱۹۷۴ء میں اس کی قواعد شائع کر ڈالی۔ اس طرح شمالی علاقہ جات کی سب سے پراسرار اور منفرد زبان کے رموز ماہرین پر اس طرح کھل گئے کہ جہاں یورپی ماہرین کو ان کے مطالعات میں ایک فیصلہ کن مرحلہ میسر آیا وہیں خود اس زبان کے ماہر بھی ان نتائج سے استفادہ کر کے اپنی ذاتی وابستگی، واقفیت، غور اور تجزیہ سے اس زبان کے اسرار و رموز اور اصولوں و قواعد پر ایک حتمی اور قابل قبول رائے دینے کے قابل ہو گئے۔ جناب نصیر الدین نصیر ہونزائی کی اس ضمن میں ایک نہایت جامع اور معیاری کوشش، جو اس میدان میں مطالعہ کی جانب ایک تازہ قدم ہے اب ہمارے سامنے ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ہونزائی صاحب نے اس نوع کے اپنے مطالعہ میں اس زبان کی قواعد مرتب کر کے جہاں اس زبان اور اس زبان کے بولنے والوں پر ایک احسانِ عظیم کیا ہے وہیں اس علاقے اور اس زبان کا

تحقیقی ولسانی مطالعہ کرنے والوں کو بھی ممنون کیا ہے۔ اس مناسبت سے اگر اس زبان کے بولنے والوں نے انھیں ''بابائے بروشسکی'' کا خطاب دیا ہے تو وہ اس کے حق دار بھی تھے۔ اس ضمن میں ان کی محنت اور جستجو و جدوجہد ایک مکمل اور جامع صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ اس کتاب کی اشاعت وطباعت کے ضمن میں شعبہ کے نائب ناظم جناب سید خالد جامعی اور مددگار مدیر جناب عمر حمید ہاشمی کے شوق علم اور ذوقِ تحقیق کا اعتراف لازمی ہے۔ جناب سید خالد جامعی صاحب مسلسل نئی کتابوں اور نئے مصنفین کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اس تلاش وجستجو کے نتیجے میں ڈاکٹر نصیر الدین نصیر صاحب سے رابطہ ہوا۔ اس تلاش میں جناب عمر حمید ہاشمی صاحب ان کے ہم رکاب تھے۔ ہاشمی صاحب فطری طور پر مختلف زبانوں کا بہت عمدہ ذوق رکھتے ہیں اور کئی زبانوں کے رسم الخط پڑھ سکتے ہیں۔ بروشسکی زبان سے ان کی دلچسپی ان کے ذوقِ لسانیات کا تقاضہ تھا۔ اس تلاش وجستجو کا حاصل یہ کتاب ہے۔ قبل ازیں جرمنی اور کینیڈا کی جامعات سے بروشسکی زبان پر کتابیں شائع ہوچکی تھیں لیکن ہمارے ملک کی زبان پر کسی ملکی جامعہ سے کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی۔ الحمد اللہ جامعہ کراچی کو اس معاملے میں سبقت حاصل ہوگئی۔ دیگر زبانوں کے سلسلے میں بھی تحقیقات کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی کو اس کتاب کو شائع کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اس کتاب کے منظرِ عام پر آنے سے پاکستان کی ایک غیر معروف، پراسرار اور منفرد زبان کے بارے میں جامع معلومات عام ہو رہی ہیں اور اس زبان کا مطالعہ ایک نتیجہ خیز مرحلے پر پہنچ رہا ہے۔ یقیناً، اس اعتبار سے ہونزائی صاحب اس محنت وکاوش پر تمام اہلِ علم کی جانب سے شکریے اور مبارک باد کے مستحق ہیں۔

ڈاکٹر نصیر الدین نصیر ہونزائی کی بروشسکی تلفظ، قواعد اور زبان پر مبنی تحقیقات شعبہ کے تحقیقی ''جریدہ'' میں شائع کی جارہی ہیں اور اسے کتابی شکل میں بھی الگ سے شائع کیا جارہا ہے۔ کتابی شکل میں اشاعت کے لیے ہم اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی اور اس کے فاضل رفقائے کار خصوصاً محترمہ شہناز سلیم صاحبہ اور جناب فدائے مک صاحب کی محنت وتعاون کے لیے سپاس گزار ہیں۔

امید ہے کہ شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی کی اس پیش کش کو لسانی دنیا میں اور پاکستان کی ثقافتی تاریخ میں پسندیدگی اور ستائش کی نظروں سے دیکھا جائے گا۔

This page intentioanlly left blank

ISW LS
Institute for
Spiritual Wisdom
and
Luminous Science
Knowledge for a united humanity

بُروشسکی: تاریخ وتحقیق کی میزان میں

سید خالد، نائب ناظم

عمر حمید ہاشمی، مددگار مدیر

بروشسکی زبان دنیا کی چند عجیب وغریب اور انتہائی قدیم زبانوں میں سے ایک زبان ہے جس کی تاریخی تفہیم ابھی تک تحقیق کے ابتدائی مراحل میں ہے۔ ماہرینِ لسانیات ابھی تک اس زبان کے اصلی وطن یا دنیا کی اہم زبانوں سے اس کے رشتوں کی تلاش میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو زبانوں کی درجہ بندی کی فہرست میں غیر نوعی زبان (Unclassified) قرار دے کر علیحدہ رکھا گیا ہے۔

قواعد کے اصول اور لفظوں کی بناوٹ کے اعتبار سے بھی یہ ایک دقیق اور پیچیدہ زبان ہے جس میں تذکیر وتانیث کے چار اجزاء اور واحد سے جمع بنانے کے پچاس سے زائد اصول ہیں۔ اس زبان میں عبرانی، اردو، ترکی، سنسکرت اور فارسی کے الفاظ ملتے ہیں۔ یہ بات تو طے ہے کہ سنسکرت نے اس پر کوئی خاص اثر نہیں ڈالا، لیکن یہ سوال ابھی تک تحقیق طلب ہے کہ اس زبان پر سب سے گہرا اثر کس زبان نے ڈالا ہے؟ یہ زبان، جو اب تک صرف ایک بولی کے طور پر پہچانی جاتی ہے، تحریر کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ اس وقت یہ زبان مشرق میں عربی رسم الخط اور مغرب میں رومن رسم الخط میں لکھی جارہی ہے۔ عربی رسم الخط میں پاکستان سے بروشسکی میں اب تک آٹھ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ عربی رسم الخط میں پہلی کتاب ۱۹۷۰ء میں پاکستان سے شائع ہوئی۔ اتفاق کی بات یہ ہے کہ یہ تمام کتابیں ڈاکٹر نصیر الدین نصیر ہونزائی صاحب کی تحریر کردہ ہیں۔ انگریزی، جرمن و دیگر زبانوں میں بروشسکی زبان سے متعلق تقریباً ۹ کتابیں غیر ملکی ماہرین تحریر کر چکے ہیں۔ اس طرح بروشسکی زبان میں اور بروشسکی زبان سے متعلق

مطبوعہ کتابوں کی کل تعداد سترہ سے زیادہ نہیں۔لیکن یہ تعداد نہایت حوصلہ بخش ہے۔مختصر عرصے میں ایک بولی دور سم الخط اختیار کر کے کتابوں کے سانچے میں ڈھل گئی ہے۔

تاریخ کے کسی عہد میں یقیناً بروشسکی ایک نہایت غیر معمولی زرخیز اور اہم علمی وادبی زبان رہی ہوگی۔اس کی زرخیزی آج بھی تروتازہ ہے۔المیہ یہ ہے کہ اس زبان کا کوئی مخطوطہ یا تحریری نمونہ تا حال دستیاب نہ ہو۔کالیکن اس زبان کی گہرائی وگیرائی کا اعتراف لازمی ہے۔مثال کے طور پر دروازہ کھولنے کے تین مختلف طریقوں کو یہ زبان نہایت خوبصورتی،نفاست اور نستعلیق انداز سے اس طرح بیان کرتی ہے:

قِریکٹ بہت ہی آہستہ سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

قرآکٹ دور سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

قَرکٹ بہت زیادہ تیزی سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

زبان میں ایسی نفاست کہ لفظوں سے عامل کی ذہنی حالت، اخلاقی کیفیت اور نفسی خلل کا اندازہ کیا جا سکے۔یہ خاصیت انگریزی،اردو،عربی، فارسی،ہسپانوی اور فرانسیسی میں بھی موجود نہیں اور ان تین مختلف کیفیات کے لیے ہمیں ان زبانوں میں کوئی جامع لفظ نہیں ملتا۔

بروشسکی زبان کی یہی فصاحت وبلاغت اس امکان کادر واکرتی ہے کہ یہ زبان کبھی اہم علمی وادبی زبان بھی رہی ہوگی۔اس کی تصدیق بروشسکی زبان کے دو قدیم مصادر گرمنس (Girminas) لکھنا اور غتنس (Gatanas) پڑھنا سے ہوتی ہے۔یہ دونوں مصادر اس امکان کو یقین میں بدلنے کے لیے کافی ہیں کہ بروشسکی زبان کبھی لکھی اور پڑھی جاتی تھی اور تاریخ کے کسی دور میں یہ صفحۂ قرطاس پر تحریر بھی کی جاتی رہی مگر اس کا رسم الخط کیا تھا؟ یہ کوئی نہیں جانتا۔اس زبان کا ادب،شاعری،تاریخ اور ثقافتی ورثہ تحریری حالت میں دستیاب نہیں۔

اس زبان میں عربی اور عبرانی مصادر بھی ملتے ہیں لیکن اس کے باوجود اس زبان کا اسلوب، ساختیات،صوتی نظام،قواعد عربی یا عبرانی زبانوں سے اس قدر مختلف ہیں کہ اسے سامی زبانوں کے گروہ میں شامل نہیں کیا گیا۔

''ئیل کنس'' عبرانی زبان کا لفظ ہے۔''ئیل'' عبرانی میں خدا کو کہتے ہیں جیسے جبرائیل کے معنی ہیں مردِ خدا یا بندۂ خدا۔ بروشسکی زبان میں اس سے مماثل لفظ ئیلکِنس (اِیلِکِنس) ہے جس کے معنی عبادت و پرستش کے ہیں۔عربی زبان میں ''حیَّ و حیَّ ھلاً و حیّھلَ'' اسم فعل بمعنی جلدی کرو متوجہ ہو کے لیے آتا ہے، جس طرح اذان میں حی علی الفلاح (دوڑو فلاح کی طرف) کہا جاتا ہے اسی طرح بروشوزبان میں حیٰ اے (جلدی کر) کا لفظ مستعمل ہے، عربی زبان میں ''ھلال'' کے معنی ہیں نیا چاند جب کہ بروشسکی میں یہ لفظ من وعن کنواری، دوشیزہ، بِن بیاہی لڑکی کے لیے بولا جاتا ہے۔ ہلال بروشسکی میں لفظ بھی ہے اور تشبیہ بھی۔''فخر'' ایک قدیم عربی لفظ ہے جس سے بروشسکی لفظ دُفو غُرس بنا ہے۔

ماہرینِ لسانیات کے مطابق سنسکرت زبان مشرقی ایشیا اور جنوبی ایشیا کی بیشتر زبانوں کی ماں ہے۔انڈونیشیا، ملیشیا، تھائی لینڈ اور برما کی زبانوں پر سنسکرت کے اثرات نہایت واضح ہیں جبکہ ویتنامی زبان سنسکرت کے اثرات سے عاری ہے۔اردو اور ہندی بھی سنسکرت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ بلکہ اب تک محققین کی رائے یہی تھی کہ اردو اور ہندی کی مادرِ مہرباں ''سنسکرت'' ہے۔

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ہندوستان کی تمام پراکرتوں نے سنسکرت سے گہرے اثرات قبول کیے ہیں۔تاریخی طور پر اردو ہندی کو سنسکرت کے زیرِ اثر زبان ہی تسلیم کیا جاتا رہا ہے۔لیکن سنسکرت بروشسکی پر کیوں اثر انداز نہ ہو سکی؟ یہ نہایت اہم سوال ہے۔

ڈاکٹر خالد حسن قادری صاحب (لندن) کی تازہ تحقیقات کی روشنی میں اب یہ اہم سوال ایک انتہائی غیر اہم سوال بن گیا ہے۔قادری صاحب کی تحقیق کے مطابق ''یہ مفروضہ غلط ہے کہ تمام زبانیں سنسکرت سے نکلی ہیں۔اردو اور اس کے ساتھ ہندی اپنے وجود کے لیے سنسکرت کی مطلق محتاج نہیں اور جن معنوں میں ''ہند آریائی'' (Indo-Aryan) زبانوں کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ان معنوں میں اردو اور ہندی ''ہند آریائی'' زبانیں بھی نہیں کہی جا سکتیں۔نیز یہی نظریہ دوسری ہندوستانی زبانوں کا بھی احاطہ کر سکتا ہے جس کی بناء پر اب تک بغیر حیل و حجت کے آریائی زبانوں کے ساتھ ان زبانوں کی

گروہ بندی خواہ مخواہ کی جاتی رہی۔قواعد سے متعلق اردو اور ہندی کا بنیادی فلسفہ سنسکرت سے قطعاً مختلف ہے اور کسی طرح خواب و خیال میں بھی یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ اردو و ہندی سنسکرت سے نکلی ہیں۔ دونوں زبانوں نے اس ضمن میں سنسکرت سے کچھ نہیں لیا''۔

جب اردو اور ہندی جیسی زبانیں سنسکرت کی محتاج نہیں ہیں تو بروشسکی اگر سنسکرت کی قید سے آزاد رہی تو یہ قابلِ تعجب بات نہیں۔

اس استدلال کی توجیہہ کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ ''اردو اور ہندی قواعد پر سنسکرت کا ذرہ بھر بھی اثر نہیں ہے۔اس کے برعکس عربی اور سنسکرت قواعد میں اسم کا اختتام ''ن'' پر ہوتا ہے جو کہ نویشن Nuation کہلاتے ہیں۔مثلاً عربی زبان میں کتابٌ، لفظٌ، لبنٌ ن کی آواز کے ساتھ ادا کیے جاتے ہیں۔سنسکرت میں بھی تمام اسم ''ن'' کی آواز کے ساتھ ختم ہوتے ہیں جیسے پستکم (کتاب) پترم (خط)، اکشرم (حرف)، دگدھم (دودھ) لیکن یہ محض اتفاقی صوتی مماثلت ہے''۔عربی ایک سامی زبان ہے جس پر سنسکرت کے کوئی اثرات نہیں۔

ماہرینِ لسانیات کے لیے یہ بات نہایت تعجب خیز ہوگی کہ بروشسکی کی گنتی فرانسیسی زبان کی گنتی سے مکمل مشابہت اور مماثلت رکھتی ہے جب کہ بروشسکی کے حروف تہجی، تلفظ، اور ذخیرۂ الفاظ میں فرانسیسی اثرات کا سراغ ابھی تک نہیں مل سکا۔گنتی کے اظہار کا بروشسکی طریقہ فرانسیسی طریقے سے مکمل مطابقت رکھتا ہے۔ایسا کیوں ہے؟ ابھی کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔

مثال کے طور پر ۹۹۹ کو بروشسکی اور فرانسیسی دونوں زبانوں میں ایک ہی طریقے سے ادا کیا جاتا ہے۔فرانسیسی میں کہا جائے گا Neuf cent Quatre Vingt Dix-neuf

(9 hundred 4 X 20 + 10 + 9)

اس کا مطلب یہ ہے کہ نوسو جمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

بروشسکی میں

ہُنْتی تھ کئے ‏ وَلتی ‏ اَلتر ‏ تورمہ ‏ ہُنتی

۹سو + ۴ × ۲۰ + ۱۰ + ۹

اس کا مطلب یہ ہے نوسوجمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

کیا فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے اصول وضوابط میں مکمل مشابہت عربی سنسکرت میں موجود قواعد اسم میں پائی جانے والی مماثلت کی طرح محض اتفاقی ہے یا حادثاتی ؟ اس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔

فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے منفرد اصول ان دونوں قوموں میں سوفی صد خواندگی اور تعلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ گنتی (Counting) کے یہ اصول ان دونوں قوموں کی ذہنی بالیدگی کی جانب بھی اشارہ کرتے ہیں۔ بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی سمجھنے کے لیے لازم ہے کہ بولنے والے اور سننے والے کو پہاڑے (Tables) حفظ ہوں اور ریاضی کے بنیادی اصول معلوم ہوں تاکہ وہ اعداد کو ضرب دے کر جواب معلوم کر سکے یا مؤقف سمجھ سکے۔ گنتی کے اظہار کا یہ طریقہ نہایت پیچیدہ ہے اور اس طریقے میں ذہن کو ہمہ وقت حاضر رکھنا اور درست طریقے سے نتائج نکالنا ضروری ہے اور اس کے لیے معقول حد تک ذہانت بھی درکار ہے۔ اس اصول سے یہ بات واضح ہے کہ ان دونوں قوموں کے تمام لوگ یقیناً پڑھے لکھے تھے اور خواندگی کی سطح سے بلند تر تھے اور دوسری قوموں کی نسبت زیادہ ذہین بھی تھے۔ اس کے بغیر حساب کتاب کا اتنا پیچیدہ نظام اختیار کرنا ممکن نہیں۔ اس تناظر میں دونوں قوموں کی تاریخی ذہانت کا تجزیہ محققین کے لیے تحقیق کے نئے دروازے کھول سکتا ہے۔

بروشسکی زبان میں انسان، جانور، غیر جاندار اشیاء اور اشیاء کی مقدار کے لیے گنتی کے طریقے مختلف ہیں مثلاً:

ہن ، ایک آدمی اور ہَن ایک جانور، جبکہ ہِک ایک ایک دفعہ، اور اشیاء کی مقدار ناپنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ حیرت انگیز طور پر جاپانی زبان بھی اسی اسلوب کی حامل ہے۔

اردو زبان میں زیروزبر کے فرق سے لفظوں کا مفہوم بدل جاتا ہے۔ مثلاً

گئے چار سَن، تراکم تھا سَن کہ لیے تھے سُن ترے گھنگھرو

ہوا سینہ چھن گیا دل بھی چھن جونہی بولے چھن ترے گھنگھرو

لیکن زیر وزبر سے پیدا ہونے والا یہ فرق اردو گنتی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اردو میں ایک جانور، ایک انسان، ایک پیالی اور ایک سیر کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے اعراب کے ذریعے آوازیں تبدیل نہیں کی جاتیں۔ اس کے برعکس جاپانی زبان میں بروشسکی کی طرح زیر وزبر سے گنتی کا مفہوم تبدیل ہو جاتا ہے اور مختلف اشیاء کے لیے مختلف الفاظ بھی بولے جاتے ہیں۔ جاپانی زبان میں حفظ مراتب کا بھی خیال رکھا جاتا ہے اور گفتگو میں لفظوں کے استعمال سے معلوم ہو جاتا ہے کہ جس کے بارے میں گفتگو کی جارہی ہے اس کا سن وسال کیا ہے۔ لیکن فی الحال اس تفصیل کا موقع نہیں ہے۔

زیر زبر کے فرق سے گنتی کے جاپانی اور بروشسکی طریقے میں یہ مماثلت کیا محض اتفاقی ہے، جس طرح عربی اور سنسکرت میں اسم کے اظہار کا طریقہ یکساں ہے اور جس طرح بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی کا طریقہ ایک ہے؟ اس موضوع پر مناسب تحقیق کی ضرورت ہے۔

موئن جودڑو اور ہڑپہ سے برآمد ہونے والی مہروں کو سن ساٹھ کی دہائی میں اسکینڈے نیویا کے لسانی تحقیق کے ایک ادارے میں پڑھنے میں کچھ کامیابی ہوئی تھی جب کہ ان مہروں کی زبان پڑھنے کا اعزاز پاکستان کے ایک مایہ ناز محقق مولانا ابوالجلال ندویؒ کو بہت پہلے حاصل ہو گیا تھا، جس سے علمی و تحقیقی حلقے لاعلم ہیں۔ وہ عربی اور عبرانی زبان کے بہت بڑے عالم تھے اور تقسیم سے قبل دارالمصنفین اعظم گڑھ کی جانب سے قائم کی گئی مجلسِ عربی اردو لغت کے سربراہ بھی تھے۔ موئن جودڑو کی مہروں پر مولانا ابوالجلال ندویؒ کے متعدد مضامین ''ماہِ نو'' میں باقاعدگی سے شائع ہوتے رہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ مولانا ندویؒ نے انگریزی میں مضامین نہیں لکھے ورنہ ان کی شہرت آثارِ قدیمہ کے بہت بڑے اور نہایت اہم محقق کے طور پر ہوتی۔ ان کے نہایت لائق، فائق اور تہجد گزار فرزند ارجمند ڈاکٹر جنید صغیر صدیقی، صدر شعبۂ شماریات جامعہ کراچی ان دنوں مولانا ندوی کے تمام علمی نوادرات جمع کر رہے ہیں۔ اگر یہ نوادرات کتابی شکل میں شائع ہو گئے تو دنیا بھر کے محققین پر موئن جودڑو کے طلسم کدۂ حیرت کے نئے دریچے کھلیں گے۔ یہ بھی قابلِ غور ہے کہ ڈاکٹر خالد حسن قادری صاحب کی تحقیق کے مطابق موئن جودڑو کی زبان اس

وقت کی عربی کی بگڑی ہوئی ایک شکل ہے۔

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ تمام زبانیں ایک ہی آب وگل سے ڈھل کر نکلی ہیں، کیوں کہ کائنات کا پہلا انسان ایک پیغمبر تھا اور پیغمبر زبان اور کتاب کے بغیر ظہور نہیں فرماتے۔

مغربی مفکرین کے یہ فلسفے بے کار ہیں کہ کائنات کا آغاز اندھیرے، لاعلمی، جہالت، وحشیانہ طرزِ زندگی اور جاہلیت کے گہوارے میں ہوا۔ لیکن رفتہ رفتہ انسان نے تجربات، مشاہدات، حادثاتِ واقعات سے سبق سیکھتے سیکھتے عہد بہ عہد ارتقاء کی منزلیں طے کیں، جس کے نتیجے میں زبانیں، تہذیبیں اور تمدن وجود میں آئے۔ اس تحقیق کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم کی بے شمار آیات کا انکار کر دیا جائے جس میں رب العالمین نے فرمایا ہے کہ ہم نے انسان کو روشنی اور صراطِ مستقیم اور احسن تقویم کے ساتھ زمین پر بھیجا اور معرکۂ خیر و شر ازل سے جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گا۔ لہٰذا یہ خیال کہ انسان رفتہ رفتہ تہذیب یافتہ ہوا ہے اور انسانوں کی وحشت و درندگی رفتہ رفتہ انسانیت کے سانچے میں ڈھل گئی ایک باطل نظریہ ہے اس نظریے پر ایمان لانے کا مطلب تخلیقِ کائنات اور تخلیقِ انسانی سے متعلق تمام قرآنی آیات کا انکار ہے جدید سائنس کے یہ تمام واہمات جن کی کوئی تاریخی بنیاد نہیں مگر جنھیں نظریات کا نام دیا گیا ہے محض لفظوں کی جادوگری اور مذہب سے انکار کی بازی گری ہے۔

مولانا ابوالجلال ندویؒ، علامہ سلیمان ندویؒ، ابوالحسن علی ندویؒ کے ہم عصر تھے، ان کی تحقیق یہ تھی کہ لفظ پانی پر غور کرو۔ اردو میں اسے پا۔نی عربی میں ما۔ء فارسی میں آ۔ب انگریزی میں Wa-ter، کہتے ہیں۔ مولانا کا استدلال یہ تھا کہ پا، ما، آ، اور Wa کی آوازیں بتاتی ہیں کہ لفظ پانی کا بنیادی مادہ تمام زبانوں میں ایک ہے۔ مولانا ابوالجلال ندویؒ نے اپنی تحقیق صرف چار زبانوں تک محدود رکھی لیکن بالکل درست نتائج اخذ کیے۔ اس تحقیق کو ہم نے دنیا کی دیگر زبانوں کی روشنی میں آگے بڑھایا تو اس کا حاصل یہ نکلا کہ لفظ پانی ہسپانوی میں Agua یا Aqua، فرنچ میں Eau اور Aqua، لاطینی میں Aqua، گجراتی میں جل پانی، بروشسکی میں چھل Chil کچھی میں پانی، سندھی میں پانی، ہندی میں جل، جرمن میں Wasser، روسی زبان میں Boda، تامل میں نیل، اطالوی میں Aqua، جاپانی میں Mizu،

پشتو میں اُبہ یا اَب اور براہوی میں دیر، پِر ہے۔ اس جائزے سے مولانا ندویؒ صاحب کی تحقیق کی توثیق ہوتی ہے۔

مولانا ابوالجلال ندویؒ کی تحقیقات کی روشنی میں یہ اعتراض اٹھایا جاسکتا ہے کہ اگر تمام زبانیں ایک ہی زبان کی مختلف شاخیں یا تحریف شدہ شکلیں ہیں تو ان زبانوں میں بنیادی نوعیت کی تبدیلیاں کیسے عمل میں آ گئیں؟ یہ نہایت اہم سوال ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جن اقوام کی ذہنی صلاحیتیں کم ہوتی چلی گئیں، وہ مشکل و پیچیدہ طریقے بھولتے چلے گئے اور اس خامی کے ازالے کے لیے انھوں نے آسان طریقے اختیار کر لیے۔ ذہنی صلاحیتیں کم ہونے کی بہت سی وجوہات ہیں لیکن ایک اہم ترین وجہ قوموں کے جینیاتی دائرے (Genetic Pool) کا محدود ہوجانا ہے۔ وہ قومیں جو صرف آپس میں شادی بیاہ پر یقین رکھتی ہیں اور دوسری قوموں کے افراد سے احتراز کرتی ہیں ان کا جینیاتی تنوع (Genetic Diversity) کم ہوتا چلا جاتا ہے اور ان کی نسلیں فنا کے سمندر میں ڈوب جاتی ہیں۔ پارسی اب خوردبینی گروہ (Microscopic Community) کہلاتے ہیں۔ یہودیوں کی نسل بھی دن بہ دن سکڑ رہی ہے۔ ایسی قوموں کے چہرے مہرے بھی آپس میں بہت ملتے جلتے ہیں۔ اس اعتبار سے دنیا میں امت مسلمہ منفرد خصوصیات کی حامل ہے جس میں ہر رنگ و نسل کے لوگوں کی آمیزش ہے۔ کیونکہ خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمیؐ''۔ جینیاتی تنوع کے لحاظ سے یہ امت نہایت زرخیز ہے کیوں کہ یہ نسلی برتری کے فلسفے پر یقین نہیں رکھتی اور تمام انسان اس کی نظر میں ابوالانبیاء حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں۔

اسلام ترا دیس ہے تو مصطفوی ہے

سنسکرت نے ویتنامی زبان کے سوا مشرقی ایشیا کی تمام زبانوں پر بہت گہرے اثرات ڈالے ہیں۔ مگر مغربی ایشیا کی قدیم زبانوں پر سنسکرت اثر انداز نہ ہوسکی۔ ایک تحقیق کے مطابق بروشو قوم آریائی نسل یا آریائی نسل کی کسی شاخ کے ساتھ رہنے والی قوم قرار دی گئی ہے۔ ڈاکٹر نصیر الدین نصیؔر ہونزائی کی تحقیق کے مطابق بروشو دراصل ہُن قبیلے کی ایک شاخ ہے جو منگولوں کے ان مختلف قبیلوں کا نام ہے جو چین میں دریائے ہوانگ ہو کے شمالی اور مغربی علاقوں میں بستے تھے۔ یہ ۳۷۲ ق م میں یورپ میں داخل

ہو کر ہنگری میں آباد ہوئے۔ قدیم ہنگری باشندوں اور قدیم بروشو افراد کے ناموں میں گہری مماثلت پائی جاتی ہے۔ مگر کیا یہ مماثلت ذخیرۂ الفاظ یا تلفظ میں بھی موجود ہے؟ اس سلسلے میں ہنگری کے پروفیسر آئمر اولا کام کر رہے ہیں۔ ہنگری زبان جرمنک (Germanic) اور اورل التائک (Ural-Altaic) گروہ سے رابطہ رکھتی ہے۔ بعض ماہرین کے مطابق یہ زبان فرانسیسی اور جرمن زبانوں کے گہرے اثرات کے باعث قدیم ذخیرۂ الفاظ کھو چکی ہے اور اس کا بنیادی سانچہ اپنی اصل پر قائم نہیں رہا۔ لہٰذا بروشسکی اور ہنگری زبان میں مطابقت کی تلاش ایک کٹھن کام ہے۔ بروشسکی اور ہنگری میں مطابقت تلاش کرنے کے لیے قدیم ہنگری زبان کے مخطوطات پڑھ کر اس کے ذخیرۂ الفاظ میں عہد بہ عہد آنے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کر کے ہی کوئی رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

Grierson کے خیال میں:

''بروشسکی چوتھے گروہ کی واحد نمائندہ زبان ہے۔ جس کے کسی سے الحاق کا اب تک پتہ نہیں ہے۔ اس زبان کو پاکستان کے انتہائی شمال میں واقع گلگت ہنزا یعنی دریائے سندھ کے دو بالائی متوازی دریاؤں کے بیچ کی وادیوں میں ۳۰ ہزار افراد دو لہجوں میں بولتے ہیں''۔

اس زبان کی ابتدائی نشو و نما کے بارے میں آراء میں اختلاف ہیں۔ اس کے بولنے والوں میں دنیا کے چند چندہ کوہ پیما بھی ہیں۔ ان لوگوں کی عمریں بھی کافی طویل ہوتی ہیں۔

برو (۱۹۵۴ء:۳۷۵)(Burrow) کہتے ہیں کہ یہ غالباً ہمیشہ سے ایک دور دراز کے پہاڑی راستے میں ایک محصور اکائی رہی ہوگی، اور شاید آج سے زیادہ بڑے علاقے پر پھیلی ہوئی بھی ہو۔

(Grierson,1915, LSI 8.1: Introd. note)

Colin P. Masica نے اپنی کتاب The New Linguistic Environment میں بتایا ہے کہ:

''جب کہ یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ ایسے دروں میں یعنی انتہائی بالائی وادی سندھ بشمول نورستان میں پھیلی ہوئی ہوگی جہاں آج دارداز بانیں بولی جاتی ہیں۔ بروشسکی سے داخل ہونے والے

الفاظ بھی ان میں سے کچھ زبانوں میں ملتے ہیں مثلاً ''زاکن'' یعنی ''گدھی''۔

دراس کی شینا میں ''پھو'' یعنی آگ۔ پراُسن میں ''ایئیل'' یعنی پیٹ، اور حیرت انگیز طور پر ''لوہے'' کے لیے بروشکی زبان کا لفظ ''چھومَر'' جو کہ کتی، وائیگالی، کلاشا، خووار، گوار بتی، پشائے، گوری، تور والی اور شینا زبانوں میں مستعمل ہے۔ یہاں اس بات کو بھی دھیان میں رکھنا چاہیے کہ نہ صرف دراوڑی اور منڈا زبانیں، بلکہ تبتی۔ برمی اور بروشسکی میں بھی قواعد کی خصوصیات یکساں نوعیت کی ہیں جو کہ بعد کی ہند آریائی زبانیں ہیں۔ موخرالذکر کی سب سے واضح خاصیت ان کے فاعل کی مجہولی حالت ہے''۔

(*The New linguistic Environment*, pp.41-42,Colin P. Masica,1991)

David Crystal کی انسائیکلوپیڈیک ڈکشنری آف لینگویج اینڈ لینگویجز کے مطابق:

''شمال مغربی کشمیر، بھارت اور پاکستان کے کچھ حصوں میں بولی جانے والی ایک محصور زبان، تقریباً ۴۰ ہزار افراد بروشو قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ زبان بولتے ہیں اس کا کوئی رسم الخط نہیں ہے''۔

(*An Encyclopaedic Dictionary of Language & Languages*, p.52, David Crystal, Hudders Field 1992.)

زبانوں کے تعارف پر مشتمل آکسفورڈ پریس کی مشہور کتاب کے مصنف Anatole V. Lyovin نے بروشسکی پر جو تحقیقات کی ہیں اس کے نتائج درج ذیل ہیں:

''بروشسکی ایک محصور زبان ہے جسے تقریباً (ہنزہ اور نگر کے علاقوں میں) ۴۰ ہزار افراد بولتے ہیں۔ یہ زبان داردا (ہند یوروپی) ایرانی اور تبتی (چینی۔تبتی) زبان بولنے والوں کے درمیان گھری ہوئی ہے، لیکن اس کا علاقہ بہت دور اور گھرا ہوا ہے اور اس کا لسانی تعلق بنیادی طور پر داردا زبانوں خاص کر شینا سے ہے۔

بنیادی طور پر قفقاز کی زبانوں، اور کچھ دوسری زبانوں سے اس کی صنفی مماثلت کی بنیاد پر روابط ابھی تک مستند نہیں ہیں۔

یہ مانا جاتا ہے کہ کبھی ان علاقوں کے داردا زبانیں بولنے والے ایسی زبان بولتے تھے جو کہ

بروشسکی کے مماثل رہی ہوگی۔ یہ ایک فاعلی مجہول زبان ہے، جس میں SOV کا لفظی نظام ہے۔ اس کے علم الاصوات سے متعلق فہرست کافی حدتک اس کی پڑوسی، ہندآریائی اور درداز بانوں سے مماثل ہے (سوائے سانس لیتے ہوئے پیدا ہونے والی آواز میں رکاوٹ والے الفاظ کے) اور اس میں چھوٹی زبان کی رکاوٹ اور صفیری الفاظ (حروفِ صحیح جو منہ کم کھلا ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے ادا ہوتے ہیں) کی بہتات ہے، جو دوسری ہندآریائی زبانوں میں نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس میں تین مختلف آوازیں ہیں۔

بروشسکی کے تمام اسم چار مستحکم معنویات کے درجوں میں منقسم ہیں:۔

۱۔ درجہ اسم برائے مذکر

۲۔ درجہ اسم برائے مؤنث

۳۔ درجہ اسم برائے جانور اور غیر انسان اور کچھ اشیاء مثلاً پھل، درخت کے حصے اور لکڑی سے بنی چیزیں اور کچھ قدرتی ماحول خاص کر فلکیاتی اجسام جیسے چاند وغیرہ۔

۴۔ درجہ اسم برائے غیر حیاتی چیزیں۔

یہ تمام درجات فعل کی ساخت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جہاں سابقے تیسرے شخص فاعل کے ساتھ وجہ متصل بتاتے ہیں جبکہ لاحقے بھی یہی بتاتے ہیں مگر بالواسطہ اور بلا واسطہ مفعول کے ساتھ۔ یہی ایک یادگار عمل ہے جو قفقازی کی ناخ ۔ داغستانی زبانوں سے مماثل ہے اور عموماً اسی بات کو اپنے قیاس کی تائید میں پیش کیا جاتا ہے کہ بروشسکی نوعی طور پر ان ہی قفقازی زبانوں سے متعلق ہے۔ دوسرا ایک اور دل چسپ پہلو بروشسکی کا یہ ہے کہ اسمِ حالتِ اضافی لاحقوں کے طور پر بھی ہوتے ہیں۔ یہ وہ اسم ہیں جنھیں انسانوں اور جانوروں کا ناقابلِ تقسیم تصرف سمجھا جاتا ہے۔ اس میں جسم کے اعضاء، وہ چیزیں جو اسم کے نام ہیں، وہ اسم جو کچھ خاص جذبات کی طرف اشارہ کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس میں کچھ مختلف اشیاء بھی شامل ہیں، جیسے ''چھڑی'' اور ''تکیہ''۔

(An Introduction to the Languages of the World, pp. 125-126, Anatole

V. Lyovin. Oxford University Press. New York. Oxford.1997.)

عالمی سطح کے ماہرینِ لسانیات کی مندرجہ بالا تحقیقات سے یہ بات اس حد تک ثابت ہے کہ بروشسکی زبان کا جینیاتی سلسلہ کسی بھی بڑے لسانی گروہ سے نہیں ملتا۔ لیکن پھر بھی اس کا فاعلی مجہولی انداز دردا(Dardic) اور دراوڑی(Dravidian) زبان سے کسی حد تک مماثل ہے۔ قفقازی زبانوں (Caucasian) کے اثرات کی جھلک دیگر زبانوں کے مقابلے میں بروشسکی پر کچھ حد تک نظر آتی ہے کیوں کہ اس زبان کا خطہ جغرافیائی طور پر ان علاقوں سے زیادہ دور نہیں۔ کیوں کہ وادیٔ ہنزہ سے نکلنے والی باریک سی جغرافیائی پٹی وسطی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے درمیان سے گزرتے ہوئے ہنگری تک چلی جاتی ہے۔ اور اس لسانی پٹی میں قفقازی زبانیں(Caucasian) بولنے والوں کی کثیر تعداد آباد ہے۔ شاید اس جغرافیائی قربت کے باعث بروشسکی پر ان زبانوں کے اثرات پڑے ہوں اور غالباً اسی لیے ناخ داغستانی لسانی گروہ (Nakh-Dagastani) سے اس زبان کی کچھ مماثلت ماہرین لسانیات کو حیرت زدہ کرتی ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ مشرقی ایشیا کی تمام زبانوں پر اثر انداز ہونے والی سنسکرت کے اثرات سے بروشسکی محفوظ رہی حتیٰ کہ اپنی قریبی ہمسایہ تبتی اور بلتی زبانوں کا کوئی اثر بروشسکی نے قبول نہیں کیا۔ قریب ترین ہمسایہ زبانوں کے اثرات سے محفوظ رہنے والی یہ زبان دور دراز کی قفقازی زبانوں (Caucasian) اور ہنگری زبان کے زیرِ اثر کیسے آ گئی؟ اس اہم سوال کا جواب ڈاکٹر نصیر الدین نصیرؔ کی اس تحقیق میں پنہاں ہے کہ بروشو قوم پہلے ہنگری میں آباد ہوئی تھی۔

بروشسکی زبان دنیا سے خود مٹی یا اسے مٹا دیا گیا؟ اس بارے میں تاریخ کے دفتر خاموش ہیں، لیکن اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس زبان کو طاقت کے زور پر ختم کر دیا گیا ہو لیکن اس زبان کے اندر موجود مخفی طاقت نے اسے زندہ رکھا اور روحانی طاقت نے اسے حیاتِ نو عطا کی۔ گزشتہ تین سو سال کی استعماری تاریخ بتاتی ہے کہ ولندیزی (Dutch) انگریزی (English) پرتگیزی (Portuguese) روسی(Russian) امریکی(American) اور فرانسیسی(French) استعمار نے دنیا میں جہاں بھی قبضے کیے وہاں نو آبادیات قائم کیں اور لوگوں کو غلام بنایا۔ امریکا اور آسٹریلیا کے اصل

باشندوں کو وحشی قرار دے کر قتل کر دیا گیا اور ان کی زبانیں مٹا دی گئیں۔ جہاں زبانیں نہیں مٹائی جا سکیں وہاں ثقافتی استعماریت کے ذریعے زبانوں کے رسم الخط کو تبدیل کیا گیا تا کہ ان نوآبادیات کو ان کے عظیم الشان تاریخی ورثہ سے محروم کر دیا جائے۔ اس کے نتیجے میں جب یہ نوآبادیات اپنے تاریخی ورثے کو پڑھنے کے قابل نہ رہیں تو ان کے تاریخی آثار و عجائبات وہاں سے منتقل کر کے ماضی کے اس ورثے سے قائم ایک جذباتی تعلق کو بھی ہمیشہ کے لیے ختم کر کے ان نوآبادیات کے لوگوں کے لیے ان کی تاریخ کو اجنبی بنا دیا گیا۔

اس معاملے میں فرانسیسی استعمار واحد استثناء ہے، جس نے اپنی نوآبادیات میں موجود زبانوں کا رسم الخط تبدیل کرنے کے بجائے ان زبانوں کے متبادل فرانسیسی زبان کی حوصلہ افزائی پر اکتفا کیا۔ یہ اسلام کا اعجاز ہے کہ عرب جو ساری دنیا کو عجم (گونگا) سمجھتے تھے اور فی الواقعہ اس ادعاء پر ایامِ جاہلیت میں انھیں تکبر کی حد تک یقین تھا۔ جب شمال سے مغرب اور جنوب سے مشرق تک یلغار کرتے ہوئے گئے تو انھوں نے نہ تو استعماری رویہ اختیار کیا نہ ہی نوآبادیات قائم کیں اور نہ ہی مقامی زبانوں کے رسم الخط تلوار کی نوک سے تبدیل کرنے اور قوموں کو ان کے تہذیبی اور تاریخی ورثے سے کاٹنے کی کوشش کی۔ یہ بات درست ہے کہ انھوں نے لوگوں کو اسلام کے دائرے میں داخل کیا۔ لیکن اس کے نتیجے میں مفتوحین فاتحین کے برابر ٹھہرائے گئے اور لوگوں نے اسلام اسی لیے قبول کیا کہ وہ فاتحین کے شانہ بشانہ بلاتفریق کھڑے ہو سکتے تھے اور حقوق و فرائض کے اعتبار سے بھی وہ فاتحین کے برابر تسلیم کیے گئے۔ اسی لیے اسلام کی سب سے زیادہ خدمت موالی نے کی۔ انگریزوں نے ملایا اور سواحلی زبانوں کا رسم الخط تبدیل کیا، ولندیزیوں نے انڈونیشیا کا قدیم سنسکرت رسم الخط تبدیل کر کے رومن بنا دیا۔ پرتگیزیوں نے ساحلی شہر گوا میں کونکنی زبان کو جو اردو اور ہندی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی رومن رسم الخط میں تبدیل کر دیا۔ روسی استعمار نے تمام مسلمان نوآبادیات کے رسم الخط عربی سے سریلک (Cyrillic) میں تبدیل کر دیے لیکن عیسائی ریاستوں آرمینیا اور جارجیا کے معاملے میں روسی استعمار نے مذہبی تفریق کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کا قدیم رسم الخط برقرار رکھا کیوں کہ اس رسم الخط میں عیسائیوں کا صدیوں پرانا علمی، تحقیقی اور تاریخی و ثقافتی ورثہ محفوظ تھا، لہٰذا اسے محفوظ رہنے دیا گیا۔ عہدِ جدید کے اس تاریخی تناظر میں ایسا ممکن ہے کہ

بروشسکی زبان بھی ثقافتی استعماری یلغار کے نتیجے میں تاخت وتاراج ہوئی ہو۔

بروشسکی زبان کتنے عرصے تک زندہ رہے گی؟ اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ آسٹریلیا کے ممتاز ماہر لسانیات پیٹر ہوسلر نے ایک دلچسپ واہم پیش گوئی کی ہے کہ اگلے سو برسوں میں نوے فی صد زبانیں صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گی اور صرف پانچ یا چھ بنیادی اہم زبانیں باقی رہ جائیں گی، جن میں انگریزی، ہسپانوی، فرانسیسی، جرمن، چینی اور عربی زبانیں شامل ہیں، جب کہ ملیشیا اور انڈونیشیا میں بولی جانے والی بھاشا(Bahasa) زبان کے بارے میں امکان ہے کہ یہ زبان بھی شاید باقی رہ جائے۔ اس کا مؤقف ہے کہ زبانیں ہمارے اندازے سے بھی زیادہ تیزی سے فنا ہو رہی ہیں۔ مثلاً آسٹریلیا میں یورپی باشندوں سے پہلے یعنی دوسو سال قبل دوسو پچاس زبانیں بولی جاتی تھیں لیکن اب وہاں کے طول وعرض میں صرف پچاس زبانیں بولی جاتی ہیں۔ کیوں کہ انگریزی استعمار نے قتلِ عام اور چھوٹی زبانوں کی حوصلہ شکنی کے ذریعے نسلوں کو فنا کر دیا اور زبانوں کو مٹا دیا۔

ایک اندازے کے مطابق اس وقت دنیا میں چھ سے دس ہزار زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ان میں مکمل باضابطہ زبانوں کے ساتھ ساتھ بولیاں بھی شامل ہیں۔ ہوسلر کے خیال میں زبانوں کے فنا ہونے کی اصل وجہ بڑے پیمانے پر نقل مکانی ہے۔ جس کے نتیجے میں تارکین وطن اپنی زبان ترک کر کے جائے سکونت میں بولی جانے والی زبانیں اختیار کر لیتے ہیں تا کہ مقامی آبادی میں جذب ہو جائیں۔ زبان کی تبدیلی ان کے لیے اقتصادی وسماجی اعتبار سے سودمند ثابت ہوتی ہے۔

دوسرا نقطۂ نظر نوبل انعام یافتہ ہسپانوی ادیب Camillo Jose Cela کا ہے۔ اس نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلی چند صدیوں تک دنیا بھر کے لوگ صرف چار زبانیں استعمال کریں گے۔ یعنی عربی، ہسپانوی، انگریزی اور چینی اس کے سوا تمام زبانیں صرف علاقائی زبانوں کا روپ دھار کر محبت اور شاعری کے لیے رہ جائیں گی۔

یہ بات درست ہے کہ نقلِ مکانی جہاں رزق کے بہت سے وسیلے پیدا کرتی ہے وہیں اپنی مادری زبان سے عشق کی شمع کو بجھا دیتی ہے۔ غربت میں یادِ وطن آتی ہے لیکن وہ ماحول اور وہ لوگ نہیں

ملتے جن میں گھل مل کر زبان کا جوبن اپنی بہار دکھا سکتا ہو۔ ماہرین کے مطابق زبانوں کی حفاظت دو وجوہات کے باعث ممکن ہے یا تو اس زبان میں عظیم الشان علمی ورثہ ہو جیسے لاطینی یا ہسپانوی زبانیں جن سے آج تک استفادہ کیا جا رہا ہے یا زبان رزق کے حصول کا ذریعہ ہو۔ یہ دونوں تاریخی نظریات اپنی جگہ لیکن زبان کا ایک تعلق مادری زبان سے عشق سے بھی ہے۔ اس عشق کو ماں کی گود میں دی جانے والی لوری اور دادی اور نانی کی زبان سے لفظوں کی برکھا میں بھیگی ہوئی دل چسپ قدیم کہانیاں زندہ و پائندہ رکھتی ہیں۔ ماں اپنے بچے سے جس زبان، اسلوب اور طرز میں گفتگو کرتی ہے وہ بچے کے لیے زندگی کا سب سے خوبصورت، سنہری اور ناقابلِ فراموش عہد ہوتا ہے۔ اس عہد کی یاد بڑھاپے تک قدم قدم پر اس کے ہم رکاب رہتی ہے۔ زبانوں کی حفاظت کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ اپنے گھروں میں اپنی زبان خواہ وہ کوئی بھی ہو صبح و شام بولی جائے، صرف گھر سے باہر رابطے کی زبان استعمال کی جائے۔ بچوں کو اپنی مادری زبان دس سال تک قصے، کہانیوں، پہیلیوں، گیتوں اور نصیحتوں میں گھول کر دی جائے تا کہ قطب شمالی کی منجمد سردی میں بیٹھے ہوئے تنہا انسان کے کان ماں کی دی ہوئی لوریوں کے بول سے گونج اٹھیں۔ بروشسکی سمیت تمام زبانوں کی حفاظت کا یہی طریقہ ہے۔ ہر زبان خواہ وہ کسی قومی، مذہبی، نسلی، ثقافتی گروہ کی ہو تاریخ، علم تحقیق، ثقافت اور تجربات کا سرمایہ ہوتی ہے۔ اس کی حفاظت اس سے محبت سب کا بنیادی فریضہ ہے۔ ارشاد رسالت مآبؐ ہے کہ ''کسی قوم کے شر سے بچنا چاہتے ہو تو اس کی زبان سیکھ لو''۔ رسالت مآبؐ نے زبان سیکھنے کی ہدایت کی ہے اسے مٹانے اور فنا کرنے، ختم کرنے کا حکم نہیں دیا کیوں کہ آپ رحمت للعالمین تھے۔

استعماری طاقتوں کی جانب سے رسم الخط تبدیل کرنے کا عمل یا ایک زبان کو ختم کر کے طاقت کے بل پر دوسری زبان کو جبراً مسلط کرنے کی روایت شاید کسی حد تک قابل برداشت ہوتی لیکن ریاست ہائے متحدہ امریکا میں سرخ ہندی (ریڈ انڈین) اور براعظم آسٹریلیا میں مقامی آبادیوں کو وحشی، جنگلی اور انسانیت کے نام پر دھبہ قرار دے کر تہہ تیغ کر دیا گیا۔

مورخین کے مطابق صرف امریکا میں ۶۰ لاکھ ریڈ انڈین باشندوں کو وحشی قرار دے کر ہلاک

کر دیا گیا اور ان کی زبانیں نوہاٹلا (Nauhatl)، یوما (Yuma)، چپوا (Chipewa)، توماہاک (Tomahawk) اور موہاک (Mowhawk) وغیرہ کو فنا کر دیا گیا۔ جب نسل ہی باقی نہ رہی تو زبان کے بچنے کا کیا سوال پیدا ہوتا۔ کیلی فورنیا جہاں زبانوں کے کئی بڑے گروہ پائے جاتے تھے وہاں سفاکی اور درندگی کا ایسا مظاہرہ کیا گیا کہ تاریخ نے اس ریاست کا نام جس کا مطلب ہسپانوی زبان میں ''خوابناک سونے کی سرزمین'' تھا، زبانوں کا قبرستان (Cemetery of Languages) رکھ دیا۔ جہاں دوسو کے قریب بولیاں بولی جاتی تھیں وہاں آج صرف دو زبانیں باقی رہ گئی ہیں۔ یہ تاریخ ساز کارنامے ان قوموں نے انجام دیے جنھیں اس بات پر فخر ہے کہ وہ دنیا میں انسانی حقوق کے سب سے بڑے علمبردار ہیں اور انسانیت کی جتنی خدمت انھوں نے انجام دی وہ خدمت کوئی انجام نہ دے سکا۔

بروشسکی سے متعلق شائع ہونے والے بین الاقوامی جائزوں اور تحقیقات میں، جن کا حوالہ قبل ازیں دیا جاچکا ہے، بروشسکی بولنے والوں کی تعداد ۳۰ ہزار سے ۴۰ ہزار کے درمیان بتائی گئی لیکن اکادمی تحقیقات بروشسکی کے فراہم کردہ اعداد وشمار کے مطابق اب یہ تعداد دو لاکھ ہے۔ سرکاری اور غیر سرکاری دستاویزات اس سلسلے میں ہماری رہنمائی کرنے سے قاصر ہیں، لہٰذا یہ بات تصدیق طلب ہے کہ اس وقت بروشو قوم کی تعداد کیا ہے۔ لیکن اس امر میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ یہ زبان بولنے والوں میں تعلیمی شعور بہت زیادہ ہے اور زندگی کی دوڑ میں اس قوم کے افراد نہایت تندہی کے ساتھ شامل ہیں۔ جامعہ کراچی میں بروشسکی بولنے والے طلباء وطالبات کی تعداد ساڑھے پانچ سو سے زیادہ ہے اور طالبات کے دارالاقامہ میں رہائش پذیر طالبات میں بروشسکی قوم کی بیٹیوں کو غالب اکثریت حاصل ہے۔

George Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں بروشسکی زبان پر Lorimar کی تحقیقی پیش رفت سے آگاہ کیا تھا۔ اس کے بعد اس زبان میں طویل عرصے تک مزید کسی اہم پیش رفت کی اطلاع نہیں مل سکی۔

تیس سال کے طویل وقفے کے بعد ہائیڈل برگ یونیورسٹی جرمنی کے ادارہ مطالعہ شرقیہ میں Hermann Berger نے اس موضوع پر تحقیق کر کے اس زبان کے نئے افق دنیا پر روشن

کیے۔ ان کے نائب ڈاکٹر وان اسکائی ہاک نے ''کسر کی کہانی'' بروشسکی سے ترجمہ کی تو بعض نئے گوشے واشگاف ہوئے۔ ٹھیک اسی دور میں ڈاکٹر نصیر الدین بروشسکی زبان میں تحقیقات کے نئے افق روشن کررہے تھے۔ عربی رسم الخط میں ان کی پہلی مختصر کتاب اِناي بُرشسکی ۱۹۷۰ء میں اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی کے زیرِ اہتمام شائع ہوئی۔ یہ بروشسکی ادب اور زبان کے قواعد پر پہلی کتاب تھی۔ اس کی اشاعت کے ٹھیک چار سال بعد ۱۹۷۴ء میں ماہرِ لسانیات برگر نے اپنے مطالعات کی بنیاد پر بروشسکی زبان کے تفصیلی قواعد شائع کیے جس کے باعث اس طلسم کدۂ حیرت کا دروازہ دنیا کے لیے کھل گیا۔ ۱۹۹۳ء میں مانٹریال یونیورسٹی کے پروفیسر تیفوں کی کتاب Hunza Proverbs۔ University of Calgary Press کے زیرِ اہتمام شائع ہوئی۔ اس کتاب میں پانچ ہزار تین بروشسکی محاورے جمع کیے گئے ہیں۔ یہ نہایت اہمیت کا حامل کام ہے۔ E.Tiffon نے یہ کتاب مشہور ماہرِ لسانیات L.Col Dr. Lorimar، ہائیڈل برگ یونیورسٹی کے مشہور محقق Hermann Berger نیز مانٹریال یونیورسٹی کے محقق Y.Ch. Morin اور ڈاکٹر نصیر الدّین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی۔ بروشسکی رسم الخط کیا تھا؟ اس بارے میں تاریخ خاموش ہے اور آثار قدیمہ کے مخطوطات، قدیم نوادرات اور اساطیر سے ابھی تک اس زبان کے رسم الخط کے بارے میں کوئی اشارہ نہیں مل سکا، لہٰذا ہرمن برگر نے بروشسکی الفاظ رومن حروف میں وضع کیے جنھیں بین الاقوامی طور پر تسلیم کرلیا گیا۔ پروفیسر ہرمن برگر نے بروشسکی زبان کے الفاظ پر مشتمل پہلی جرمن بروشسکی لغت تیار کی جس میں پچاس ہزار الفاظ کا ذخیرہ جمع کر کے اس زبان کو محفوظ کر دیا گیا۔ یہ لغت ۱۹۹۸ء میں شائع ہوئی اور اس کتاب کی تیاری میں پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدّین نصؔیر ہونزائی کا مرکزی کردار ہے جس کا اعتراف ہرمن برگر نے ان الفاظ میں کیا ہے Unter Mitarbeit von Nasiruddin Hunzai۔ جس کا مطلب ہے ''یہ لغت پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی گئی۔''

برگر کی جرمن بروشسکی لغت اور تیفوں کی کتابِ محاورات کی تیاری میں عالمی شہرت یافتہ ماہرینِ لسانیات وتحقیقاتِ شرقیہ مسلسل ڈاکٹر نصیر الدّین نصؔیر سے استفادہ کرتے رہے اور اس کا اعتراف بھی، اس

لیے ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے لیے ''بابائے بروشسکی'' کے خطاب میں کوئی مبالغہ نہیں پایا جاتا۔

ایک جانب بروشسکی زبان پر جاپان، جرمنی، ہنگری اور کینیڈا میں تحقیق ہو رہی ہے تو دوسری جانب اس زبان کے اصلی وطن وادئ ہنزہ میں سناٹا تھا، جسے ڈاکٹر ہونزائی نے ستر کے عشرے میں توڑ ڈالا اور بروشسکی زبان کو عربی رسم الخط میں تحریر کر کے دنیا بھر میں عربی رسم الخط میں لکھی جانے والی بہت سی زبانوں میں ایک نئی زبان کا اضافہ کیا۔

کسی زبان کی معراج اس کی شاعری ہوتی ہے۔ علاّمہ نصیر الدّین ہونزائی نے بروشسکی زبان میں صرف کتابیں ہی نہیں لکھیں بلکہ شاعری بھی کی۔ ان کا کلام عارفانہ اور صوفیانہ ہے جس میں ایک جذبۂ رندانہ، ہمتِ مردانہ اور نعرۂ مستانہ کی جھلک قدم قدم پر ملتی ہے۔ ان کی شاعری میں جھرنوں کی مدھم آواز اور آبشار کی گونج شامل ہو جاتی ہے جو جلال و جمال کی نئی دنیا تخلیق کرتی ہے۔ جس میں عقل و خرد کے ساتھ ساتھ عشقِ حقیقی اور محبوبِ حقیقی کے مضامین نہایت والہانہ انداز میں بیان ہوئے ہیں جنھیں پڑھ کر سامعین وجد میں آ جاتے ہیں۔ ان کی نثری کتابیں بُرشو بِرکِش (۱۹۸۰ء)، سَوینۓ برکٹ (۱۹۸۰ء)، بُرشو بُر جونِکٹ (۱۹۸۰ء)، انایِ بُرشسکی (۱۹۷۰ء)، دیگرن (۱۹۹۹ء)، اسقُر کٹۓ بَسی (۲۰۰۱ء) اپنے موضوعات پر اولین تصانیف ہیں۔

ان کی شاعری کے دو مجموعے ''دیوانِ نصیری'' (۱۹۶۰ء)، بِھشتۓ اَسقُرکٹ (۱۹۸۵ء) بھی بروشسکی زبان اور عربی رسم الخط میں شائع ہو چکے ہیں۔ اس اعتبار سے بروشسکی زبان پر تحقیقی کام اور کتابوں کی اشاعت کے حوالے سے علاّمہ ہونزائی کو ایک اہم مقام حاصل ہو چکا ہے۔

کسی نئی زبان میں نعت کہنا سب سے مشکل کام ہے۔ انگریزی زبان میں اسلام پر اردو کے بعد بے شمار کتابیں شائع ہو رہی ہیں اور اس کا دامن اس لحاظ سے مالامال ہو گیا ہے لیکن انگریزی زبان میں ابھی تک نعتیں نہیں کہی جا سکیں جس کا مطلب یہی ہے کہ ابھی مغرب کا دل عشقِ رسولؐ کی گرمی سے مکمل طور پر نہیں پگھل سکا، ایک آنچ کی کسر رہ گئی ہے۔ جس دن مغرب کے مسلمان نعت کہنے لگیں گے مغرب میں اسلام کے قدموں کی چاپ تیز تر ہو جائے گی۔ اس کے برعکس علاّمہ نصیر الدّین نصیؔر نے

ISW Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

بروشسکی میں جو نعتیں کہی ہیں وہ عالمی ادبی شہ پارہ ہیں۔

ان کی معرکتہ الآرا نعت محمدؐ ے شُل محمدؐ ے شُل، پڑھنے والے کو وجد میں لے آتی ہے۔

۱۔ میں کچھ بیمار ہوں نہ جانے میرے لیے کیا دوا نافع ہوگی؟ حضرتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت، بس آنحضرتؐ کی محبت ہی دوا ہے، میرے ظلمت کدۂ دل کے لیے کون سی چیز چراغ کا کام کرسکتی ہے؟ محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

۲۔ کون سا باغ و باغیچہ بگاڑ سے محفوظ و سلامت ہے؟ کون سا درخت سدا بہار ہے؟ کس قسم کا پھل سب سے میٹھا ہے؟ محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

۳۔ ایک بڑی عجیب دنیا ہے، جس میں ایک نرالا شہر ہے، جہاں ایک ایسا بازار ہے کہ اس میں جواہر ہی جواہر ہیں (اور یہ ہے): محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

۴۔ ہم کس محبت کے سرچشمے سے آباد ہیں؟ کس دنیا میں آزاد ہیں؟ اور کس شادمانی سے دلشاد ہیں؟ محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

۵۔ میں نے ایک تعجب خیز مقبول دعا دیکھی، میں نے ایک حیرت انگیز مؤثر دوا دیکھی ایک بہت بڑا معجزہ دیکھا: محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

۶۔ یقین ہے کہ سونے کا ڈھیر لگ جائے گا، اس کے گرداگرد چاندی کی دیوار بن جائے گی، اور ہم سب کے اوپر جواہر کی چھت ہوگی: محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

ان اشعار کو عربی اور فارسی کے عظیم نعتیہ کلام کے ساتھ رکھ دیجیے تو اس کلام کی عظمت و قیمت کا اندازہ ہوگا۔

ڈاکٹر نصیر الدّین ہونزائی عربی، اردو، فارسی، کرغیزی (چینی ترکی) اور بروشسکی زبانوں سے بخوبی واقف ہیں وہ چار زبانوں میں شاعری بھی کرتے ہیں۔ ان کے قلم سے تحریر کردہ کتابوں اور کتابچوں کی تعداد سو سے کچھ زیادہ ہے۔ ان کتابوں کا مرکزی مضمون تصوف، قرآن اور سائنس ہے۔ ان کا اندازِ تحریر نہایت منفرد اور خوبصورت ہے۔



ISW Ls Institute for Spiritual Wisdom and Luminous Science Knowledge for a united humanity

جنوبی ایشیا کا لسانی نقشہ: بروشسکی زبان کے علاقہ کو دائرے میں دیکھا جا سکتا ہے۔

بروشسکی زبان کے بارے میں

شہناز سلیم ہونزائی

بروشسکی زبان دنیا کی ایک عجیب وغریب اور انتہائی قدیم زبان تصور کی جاتی ہے۔ اس وقت یہ زبان پاکستان کے شمالی علاقہ جات کی وادئ ہونزہ، نگر اور یاسین میں بولی جاتی ہے، جب کہ گلگت کے گرد ونواح میں بھی بروشسکی بولنے والے افراد موجود ہیں۔ مجموعی طور پر بروشسکی بولنے والوں کی تعداد، ایک اندازے کے مطابق، تقریباً دو لاکھ ہے۔ وادئ ہونزہ، نگر اور یاسین کی بروشسکی بنیادی طور پر ایک ہی زبان ہے، تاہم تینوں علاقوں میں لہجے اور کچھ الفاظ کا فرق ہے، جس کی بنیادی وجہ جغرافیائی فاصلہ اور مختلف لسانی ماحول ہو سکتا ہے۔

اس وقت یہ زبان عالمی طور پر ماہرینِ لسانیات کے لیے ایک بہت ہی دلچسپ زبان ہے۔ اس زبان پر ہندی، ترکی، سنسکرت اور فارسی کے اثرات پائے گئے ہیں۔ اور عصر حاضر میں شینا زبان سے جغرافیائی قربت کے باعث شینا الفاظ کے ساتھ ساتھ بے شمار اردو اور انگریزی الفاظ بھی اس زبان کا حصہ بن گئے ہیں۔

بروشسکی زبان کے ایک ماہر ڈاکٹر نصیر الدین نصیر ہونزائی صاحب نے پچھلے چند سالوں میں اس زبان میں موجود عربی اور عبرانی مصادر کی نشاندہی کر کے اس زبان کے منفرد اور

